ادارہ



تعارف تبصرہ کتب

کتاب ہدایۃ الساری الی دراسۃ البخاری مصنف: حضرت مولانا امداد الحق

قیمت: درج نہیں ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

کتب احادیث میں امام محمد بن اسماعیل البخاری کی کتاب الجامع الصحیح کو اللہ تعالیٰ نے ایک بلند مقام عطا فرمایا ہے' اہل علم کے ہاں اس کتاب کو اصح الکتب بعد کتاب اللہ کا درجہ حاصل ہے' یہی وجہ ہے کہ زمانہ قدیم سے لے کر آج تک مختلف زبانوں میں طویل اور مختصر شروحات لکھے گئے' تعلیقات' حواشی اور تراجم بخاری پر بھی ارباب علم وکمال نے سیر حاصل ابحاث کیئے ہیں۔ حضرت العلامہ مولانا امداد الحق صاحب زید مجدہم کی کتاب ہدایۃ الساری الی دراسۃ البخاری جو دراصل صحیح بخاری کی شرح کا مقدمہ ہے' بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ مولانا مدظلہ کی یہ مایہ ناز تصنیف دو اجزاء پر مشتمل ہے' پہلے جزء میں علامہ صاحب نے الفوائد کے تحت اسلام کے مبادی اور اصلو کے متعلقات مثلاً وجود باری تعالیٰ' مصادر اسلام' وجود وحی والہام' صفات وخصائص نبوۃ' خصائص ومحاسن اسلام' جامعیت قرآن کریم' قرآں وسنت میں ربط' صفات صحابہ' معجزات اسباب اختلاف' حجت حدیث' کتاب حدیث' امام اعظم امام ابوحنیفہؒ کا تذکرہ البرہان فی تذکرۃ الامام الاعظم ابوحنیفہ النعمان جیسے عناوین پر سیر حاصل بحث کی ہے اور جزء ثانی میں امام محمد بن اسماعیل البخاری کے حالات زندگی شروط بخاری اور جامع صحیح بخاری کے متعلق تفصیلی بحث کے علاوہ' حدیث کی لغوی واصطلاحی تحقیق' اقسام تواتر' روایت بالمعنی کے جواز' وضع حدیث کی معرفت' اسکا حکم اور کچھ وضاعین کے احوال طلب حدیث کے آداب' شیخ الحدیث کے آداب کو بھی الفوائد کے عنوان کے تحت ذکر کیا ہے۔ اور بعض اصولی وفروعی مسائل مثلاً تحقیق مناط' تخریج مناط' تنقیح مناط' اخبار احادیث کتاب اللہ پر زیادہ قول مرجوع پر عمل اور مخالف مذہب امام کی اقتداء میں نماز پر کو بھی بسط وتفصیل کے ساتھ ذکر کیا۔

تو یہ کتاب علم وحدیث کے طالب علم کیلئے یہ اہم اور ضروری معلومات پر مشتمل ہے' ارباب زمزم پبلشرز کراچی کو اللہ تعالیٰ جزاء خیر عطاء فرمائیں کہ انہوں نے مختصر عرصہ انتہائی مفید' جلیل القدر کتابوں کی اشاعت کی اور تشنگان علوم دینیہ کے لئے علمی پیاس بجانے کا سامان مہیا کیا۔